نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی موجودہ صورتحال کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

روئی کی 64 لاکھ گانٹھوں کے ہدف کے حصول کیلئے فیلڈ فارمیشنز کو ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور28جولائی2024: سید عاشق حسین کرمانی صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے صوبہ میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے فیاضانہ وسائل فراہم کئے ہیں۔وزیر اعلیٰ پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو خصوصی اہمیت دیتی ہیں۔وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ زراعت کو ٹرانسفارم کیا جارہا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی موجودہ صورت حال اور نگہداشتی امور بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔سید عاشق حسین کرمانی صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کو ملکی معیشت میں کلیدی حیثیت حاصل ہے۔روئی کی 64 لاکھ گانٹھوں کے ہدف کے حصول کیلئے فیلڈ فارمیشنز کو ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔فیلڈ فارمیشنز کپاس کے نگہداشتی امور بارے جاری سرگرمیوں میں مزید تیزی لائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق 62 کسان سہولت سنٹرز قائم کیے گئے ہیں۔عوامی نمائندوں کی مشاورت سے کسان سہولت سنٹرز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔مارکیٹوں میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ڈویژنل وڈسٹرکٹ ایڈوائزری کمیٹیوں کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کرائے جائیں۔مارکیٹوں میں اچھے پیسٹی سائیڈز ڈسٹری بیوٹرز کی فرنچائز شاپس کو منی کسان سہولت سنٹرز کا درجہ دیا جائے۔نہری پانی کی بہتر سپلائی کیلئے محکمہ انہار کے ساتھ روابط بڑھائے جائیں۔پیسٹ سکاوٹنگ کا درست ڈیٹا مرتب کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھادوں کے متوازن ومتناسب استعمال بارے کاشتکاروں کو رہنمائی فراہم کی جائے۔کاشتکاروں کی فنی رہنمائی کے سلسلہ میں کسی قسم کی سستی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔جننگ فیکٹریوں میں پھٹی کی آمد اور روئی کی گانٹھوں کا صحیح ڈیٹا مرتب کیا جائے۔سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ورچوئل کاٹن پیسٹ مینجمنٹ ہب کے نام سے آن لائن گوگل ورک بک لانچ کردی ہے۔اس ورک بک کے ذریعے کپاس کی پیسٹ سکاؤٹنگ، مینجمنٹ اور دیگر سرگرمیوں کو آن لائن ٹریک کیا جارہا ہے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، ممبران صوبائی اسمبلی رانا محمد سلیم، اسامہ فضل چوہدری، ملک لعل محمد جوئیہ، سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس شبیر احمد خان، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، ڈائریکٹر جنرلز زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، ڈاکٹر عامر رسول، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر ساجد الرحمن، فوکل پرسن برائے کاٹن ڈاکٹر محمد انجم علی، کپاس کے ترقی پسند کاشتکاروں، سید حسن رضا، خالد محمود کھوکھر سمیت دیگر افسران شریک ہوئے۔

0-0-0-0-0